www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

ملتِ اسلامیہ کا علمی اور اصلاحی مجلہ

ماہنامہ **محدّث** لاہور

(فون) صدر دفتر: ۳۵۴۲۵۰ | ذیلی دفتر: ۵۴۸۷۳

جلد ۵ | جمادی الاولیٰ و جمادی الآخرۃ ۱۳۹۵ھ | عدد ۵، ۶

حرفِ اوّل

# بلوچستان اسمبلی نے منظوری دے دی

## (اللہ تعالیٰ اس کے نفاذ کی توفیق دیں)

بلوچستان نے اسلامی نظریاتی کونسل کی عبوری رپورٹ برائے ۷۵-۱۹۷۴ء پر عمل درآمد کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اس رپورٹ میں یہ سفارش کی گئی تھی کہ:۔

- ہفتہ وار تعطیل اتوار کے بجائے جمعہ کو کی جائے۔
- عیسوی کے بجائے سنہ ہجری اختیار کیا جائے۔
- اوقاتِ نماز میں سرکاری تقاریب نہ منعقد کی جائیں یا اتنے وقت کے لیے ملتوی کر دی جائیں۔
- اسلام نے خورد و نوش کی جن چیزوں کی ممانعت کی ہے ان پر مکمل پابندی عاید کی جائے۔
- شلوار قمیص کو قومی لباس قرار دیا جائے (خواتین کے لیے دوپٹہ)
- پاکستانی شہری سرکاری تقاریب میں لازمی قومی لباس پہنیں۔
- رسائل و جرائد اور دیگر ذرائع ابلاغ میں غیر شائستہ اور فحش اشتہارات پر پابندی عاید کی جائے۔
- سینماؤں کے باہر اور دوسری عوامی جگہ پر غیر شائستہ تصویروں کی نمائش پر پابندی لگا دی جائے
- سرکاری تقاریب میں رقص کی ممانعت کی جائے۔

(نوائے وقت ۳ر جولائی)

ناشر: حافظ عبدالرحمٰن مدنی | طابع: چودھری رشید احمد | مطبع: مکتبہ جدید پریس، ۴ شارع فاطمہ جناح، لاہور

زرِ سالانہ: ۱۵ روپے

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ